SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XXXI مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.XXXI OF 1994

سندھ سروس ٹربیونلس (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴

THE SINDH SERVICE TRIBUNALS (AMENDMENT) ACT, 1994

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Act XV of 1973
۳۔ ۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV میں دفعہ 3-E اور 3-F کا اضافہ
Insertion of sections 3-E and 3-F of Sindh Act XV of 1973

سندھ ایکٹ نمبر XXXI مجریہ ۱۹۹۴

SINDH ACT NO.XXXI OF 1994

سندھ سروس ٹربیونلس (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴

THE SINDH SERVICE TRIBUNALS (AMENDMENT) ACT, 1994

[۱۶ جنوری ۱۹۹۵]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ سروس ٹربیونلس ایکٹ، ۱۹۷۳ میں ترمیم کی جائے گی۔
جیسا کہ سندھ سروس ٹربیونلس ایکٹ، ۱۹۷۳ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛
اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ سروس ٹربیونلس (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴ کہا جائے گا۔
(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV کی دفعہ ۲ کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Act XV of 1973

۲۔ سندھ سروس ٹربیونلس ایکٹ، ۱۹۷۳ میں، جس کو اس کے بعد بھی ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۲ میں، شق (a) کے بعد مندرجہ ذیل نئی شق شامل کی جائے گی:
"(aa) "کارپوریشن" مطلب ایک کارپوریشن یا ادارہ جو صوبائی قانون سازی کے ذریعے بنایا یا قائم کیا جائے گا۔"

۱۹۷۳ کے سندھ ایکٹ XV میں دفعہ 3-E اور 3-F کا اضافہ

۳۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ 3-D کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعات شامل کی جائیں گے:
(کارپوریشن کے ملازم سرکاری ملازم سمجھے

Insertion of sections 3-E and 3-F of Sindh Act XV of 1973

جائیں گے) "3-E۔ جب تک کچھ کسی قانون کے متضاد نہ ہو، سروس آف کارپوریشن کو صوبائی ملازمت قرار دیا جاتا ہے اور کارپوریشن میں عہدہ رکھنے والا ہر شخص علاوہ اس شخص کے جو کارپوریشن میں ڈیپوٹیشن پر ہے، اس ایکٹ کے مقصد کے لیئے ان کو سرکاری ملازم سمجھا جائے گا۔"۔

(کارپوریشن کے ملازم کے التویٰ میں کیسوں کو ختم کرنا) "3-F۔ کارپوریشن میں عہدہ رکھنے والے کسی شخص کی ملازمت کے شرائط و ضوابط سے متعلقہ کسی عدالت میں التویٰ میں سارے مقدموں، اپیلوں اور درخواستوں کو سندھ سروس ٹربیونلس (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۹۴ کی شروعات سے پہلے ختم کیا جائے گا: بشرطیکہ ایسے مقدمہ، اپیل یا درخواست سے متعلقہ فریق ترمیمی ایکٹ کی شروعات کے نوے دنوں کے اندر دفعہ ۳ کے تحت قائم کردہ ٹربیونل کو اپیل کرے گا۔"۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔